کامپی بیزینسیو میونسپلٹی ہاؤسنگ آفس میں پیش کی گئی ہاؤسنگ سوٹیبلٹی/ مکان کی موزونیت کے لیے درخواست کے بعد، درخواست دہندہ سے میونسپلٹی ہاؤسنگ افس کے ایک ٹیکنیشن کے ذریعے رابطہ کیا جائے گا۔ جو رئیل اسٹیٹ یونٹ میں معائنہ کرنے کے لیے ملاقات کرے گا جس کا مقصد جانچ پڑتال کا مناسب طریقہ کار ہوگا .

جانچ/معائنہ کا مقصد درخواست میں پیش کردہ نقشہ کے مطابق جگہوں کی پیمائش کی تصدیق کرنا اور ساتھ ہی گھروں کےاستعمال کے لیے نافذ العمل ضابطے کے مطابق حفظان صحت / صحت اور حفاظتی تقاضوں کی موجودگی کی تصدیق کرنا۔معائنے کے دوران جو اہم انتظام کنٹرول کیے جائیں گے ،وہ یہ ہوں گے ;

- درخواست کے ساتھ پیش کردہ نقشے کے مطابق کمروں کی اونچائی، تقسیم کار اوران کے طول و عرض ،بیت الخلا کا ہونا اور گھر میں کم از کم سامان کے ہونے کی تصدیق کرنا ;
- کمروں کا مناسب استعمال;
- کھانے کی تیاری کے لیے تھرمو سینٹری سسٹم کے لیے میتھین یا ایل پی جی گیس کی موجودگی والے کمروں میں مقررہ قانون کے مطابق وینٹیلیشن کی جگہوں کی موجودگی;
- گیس کوکنگ اپلائنسز کے اوپر ہڈ کی موجودگی اور اس کا کام کرنا، کھانے کی باقیات اور بخاروں کو باہر نکالنے کے لیے براہ راست پائپنگ کا موجود ہونا;
- گیس کوکنگ اپلائنسز کے اوپر شعلے کو کنٹرول کرنے والا آلہ (تھرمو کپل) کی موجودگی اور جو شعلہ پکڑنے والے آلے کے سگنل کے جواب، میں گیس کی سپلائی کو کھلا رکھتی ہے اور شعلے کی غیر موجودگی میں اس میں خلل ڈالتی ہے;
- ایک مکمل باتھ روم کی موجودگی، یعنی سنک، ٹوائلٹ، باتھ ٹرے یا باتھ ٹب کے ساتھ کھڑکی یا ہوا کے اخراج (ایگزاسٹ) کا مناسب انتظام کا ہونا;
- ہیٹر اور گرم پانی کے نظام کا موجود ہونا اور باقاعدگی سے کام کرنا;
- بجلی کے سسٹم میں کوئی رد و بدل نہیں کی گئی اور متبادل سوئچ (سرکٹ بریکر) کی موجودگي;

IV Settore “Programmazione e Gestione del Territorio”	e-mail: amm.ed.privata@comune.campi-bisenzio.fi.it
U.O. 4.7 - Edilizia e Strumenti Attuativi - Comune di Campi Bisenzio	e-mail PEC: comune.campi-bisenzio@postacert.toscana.it
Piazza Dante 36 – 50013 Campi Bisenzio (FI)	P.I. 00421110487
tel. 055 8959439 (amm.) – 400 (tec.) fax 055 89594	C.F. 80016750483